# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

## (شعبہ فکر اسلامی، تاریخ وثقافت)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری " Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: تاریخ افکار وعلوم اسلامی (2622) سمسٹر: خزاں 2026

سطح: ایم اے علوم اسلامیہ

## ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

# امتحانی مشق نمبر1

## (یونٹ نمبر1-5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ مسلمانوں کے قدیم علمی نظریے کی نمایاں خصوصیات کیا تھیں؟ نیز، تاریخِ علوم میں مسلمانوں کا کیا مقام اور کردار رہا ہے؟ ایک جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ تفسیر کا مفہوم واضح کریں، نیز فنِ تفسیر کے آغاز اور اس کے ارتقائی مراحل پر ایک مفصل نوٹ قلمبند کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ علم کلام کے اہم مسالک کون کون سے ہیں؟ ان مسالک پر ایک مفصل نوٹ لکھیں، نیز متکلمین کی نمایاں تالیفات کا مختصر تعارف پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ اصولِ فقہ کی تعریف بیان کریں۔ علم اصولِ فقہ کی اہمیت اور اس کی تدوین کے مراحل پر ایک تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ علم فقہ سے کیا مراد ہے؟ نیز مسالک اربعہ (چار فقہی مکاتب فکر) کی اہم بنیادی تالیفات کون کون سی ہیں؟ اس پر ایک جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ نمبر6-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ علم تاریخ سے کیا مراد ہے؟ نیز، علم تاریخ کی ابتدا اور اسلام میں تاریخ نگاری کی روایت پر ایک مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ طبقات نگاری سے کیا مراد ہے؟ تاریخ اور طبقات نگاری کے باہمی تعلق کو واضح کریں اور طبقات نگاری کے مختلف مناہج (طریقہ کار) پر ایک مفصل نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ علم ہیئت و فلکیات کی تعریف کریں اور اسلامی علوم کے تناظر میں اس کی اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ علم حدیث (درایۃ اور روایت) کی تعریف کریں اور محدثین کرام کے مناہج پر ایک مفصل نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ اسلامی فلسفہ سے کیا مراد ہے؟ فارابی اور ابن سینا جیسے مسلمان فلاسفہ کے اہم فکری کارناموں پر روشنی ڈالیں۔ (20)